پیدائش 9 : 1 -7 پڑھیے:

پیدائش 9 :1 کی آواز پیدائش 1 : 26 -28 کے دہرائے جانے کی مانند ہے۔ پہلے مرد اور عورت کو دی جانے والے برکت اب نوح اور اُس کے بیٹوں کو دی جاتی ہے۔"بنو____________________اور____________________تعداد میں

____________________زمین پر رہو۔"

یہ تقریباً اِس طرح لگتا ہے جیسے نوح نئے آدم کی مانند ہے۔ خدا دوبارہ آغاز کرنے کے لیے تیار ہے اور وہ چاہتا ہے کہ اُس کی مخلوق برکت حاصل کرے لہذا وہ اُن سے کہتا ہے،" پھلو اور بڑھو۔" وہ اُن سے چاہتا ہے کہ وہ زمین کو معمور کریں۔ یہ اُن کے لیے اُس کی برکت ہے۔

سوالات:

وہ اُنہیں بتانا جاری رکھتا ہے کہ زمین پر سب مخلوقات، سمندر، اور ہَوا" اُن کے ہاتھوں میں کر دی گئی ہے"(2 آیت)۔ خدا پیدائش 1 : 26 میں کیا کہتا ہے؟

____

آدم اور حوا کے لیے اُس کی ہدایت تھی کہ تمام مخلوقات پر" حکمرانی کرو"

پیدائش 9 :3 میں اگلی چیز جو خدا کہتا ہے وہ یہ ہے،" ہر چیز"

____

____۔"

پیدائش 1 : 29 -31 میں خدا مخلوقات کو خوراک کے طور پر کیا دیتا ہے؟

29 آیت۔ بنی نوع انسان کے لیے خوراک:

30 -31 آیت۔ جانداروں کے لیے خوراک:

خدا ہر چیز کہتا ہے جو زندہ ہے اور حرکت کرتی ہے (پیدائش 9 :3)۔ لیکن، ایک مرتبہ پھر، خدا نے ایک معاہدہ کیا۔ پیدائش 2 :17 میں یہ معاہدہ کیا تھا؟

پیدائش 9 :4 میں اِس وقت یہ کیا معاہدہ ہے؟

دعا:

اے خداوند، تُو نے فراخدلی سے اپنی مخلوقات کے لیے مہیا کیا۔ تُو نے رحم سے عمل کیا، نہ کہ ہمیں سزا دی جس کے ہم مستحق تھے اُس غلطی کے لیے جو ہم سب نے سرزد کی۔ اِس کی بجائے، ہم پر اپنی محبت کو انڈیلنے کا انتخاب کیا۔ برکت کے پھلدار ہونے اور زمین کو معمور کرنے کے لیے تیرا شُکر ہو۔ تیری خواہش ہے کہ زمین زندگی سے معمور ہو۔ تُو نے ہماری زندگیوں کو مقصد اور معنی دیے۔ ہمیں زندگی کی اِس برکت کو تھامے رہنا سکھا۔

سبق نمبر پانچ، حصہ 2

تعارف:

پیدائش 9 :4 میں کیوں خداوند اِس مقام پر بہت بضد ہے جس کا مطلب یہ تھا کہ اِسے نہ کھانا جسے " ابھی تک اِس نسل کو رکھنا" تھا؟ احبار کی کتاب اِس کی حامل ہے جس کا حوالہ لاویوں کے قانون کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ یہ خدا کے اپنے فرزند، بنی اسرائیل یا اسرائیلیوں کے لیے خدا کے قوانین تھے، جو بائبل کی تاریخ کے بہت، بہت سالوں تک زندہ رہے۔ احبار 17 : 10 -14 ہمیں کچھ بصیرت دیتی ہے کہ کیوں خدا نے نوح کو صدیوں پہلے بتا دیا تھا جس کا مطلب کہ زندگی کو ابھی نہیں کھانا تھا۔

عمیق کھُدائی: احبار 17 : 10 -14 کو پڑھیے۔

اِن آیات کے مطابق خدا نے خون پر کس قدر کو رکھا؟

____

____

11 اور 14 آیات میں خاص کر اِن الفاظ پر غور کیجیے: "---۔ ہر ایک ________________________ ہے۔"

خدا خون کی قدر بڑھاتا ہے اور یہ ہر مخلوقات میں زندگی کا خون ہے۔

اضافہ کرتے ہوئے، خدا 11 آیت میں کہتا ہے کہ خون" بناتا

________________________ ایک کے لیے ________________________

یسوع کی زندگی اور موت کے بعد، جانوروں کو لوگوں کے گناہوں کے کفارے کے لیے خدا کے حضور قُربان کیا جاتا تھا۔ جانداروں کی قُربانی اور خون جو لوگوں کے لیے اُن کے گناہوں کی وجہ سے خدا کے غصے کو کم کرنے کے لیے بہایا جاتا تھا۔ خدا نے اُن کے گناہوں کی ادائیگی کے طور پر جانوروں کی قُربانی کو قبول کیا، اور یہ لوگوں کی موت کے متبادل تھا۔ یہ خون تھا جس نے گناہ کو ڈھانپا۔

تعریف: کفارہ۔ لوگوں کے گناہوں کے لیے کفارے کا مطلب یہ تھا کہ یہاں کوئی چیز نہیں جو خدا اور بنی نوع انسان کے تعلق کے درمیان کوئی رکاوٹ یا مداخلت پیدا کرے۔ جانوروں کے خون کا بہایا جانا قُربانی کے طور پر دیکھا جاتا تھا جسے لوگوں کے گناہوں کو دور کرنا خدا کے قہر کو دُور کرنا تھا ۔ خدا نے لوگوں کو اُن کے گناہوں سے معاف کیا جب اُنہوں نے جانوروں کے خون کو بہایا اور اُس کے لیے قُربانی چڑھائی۔

آئیں کفارے کو سمجھنے اور بیان کرنے میں اپنی مدد کے لیے کلام کے ایک اور حصے کو استعمال کرتے ہیں۔

عبرانیوں 9 :22 کے مطابق ہم سیکھتے ہیں کہ،" ________________________ بہایا جانا

________________________ کوئی نہیں

____

رومیوں 3 : 25 کہتی ہے کہ خدا نے پیش کیا______________________________ ایک حتمی کے طور پر____

اور اُن سب کو جو ایمان کے وسیلہ اُس پر یقین رکھتے ہیں وہ اُنہیں راست ٹھہراتا ہے (سبق نمبر 2 میں راستبازی پر کی گئی تعریف پر نظر ثانی کے لیے ایک لمحہ لیجیے۔)۔ اُس کے بیٹے، یسوع کی اِس حتمی قُربانی نے اُن سب قُربانیوں کو ختم کر دیا جن کی ضرورت ہوا کرتی تھی۔

یسوع نے ہماری خاطر صلیب پر اپنا خون بہانے کے ذریعے گناہ کی ساری قیمت چُکا دی۔

یسوع کے وقت تک پوری تاریخ میں تمام بنی نوع انسان کے گناہوں کی قُربانی مکمل طور پر جاری رہی۔ بہر کیف اُس کی موت قربانیوں کے اختتام کو لائی کیونکہ وہ کفارے کی قُربانی تھی جو ہمیشہ سب لوگوں کے گناہوں کو اُٹھالے جاتی ہے۔ اُن کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں کہ یسوع کے وسیلہ اُن کے گناہو معاف ہوئے ہیں لہٰذا خدا نے اُنہیں ہمیشہ کے لیے اپنے ساتھ ایک بنایا ہے۔

یاد دہانی:

سبق کے اِس حصے میں یہاں بہت سی آیات ہیں جس کے لیے آپ کو 3 ضرب 5 کے انڈیکس کارڈ پر لکھنے اور یاد رکھنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ اُن حوالہ جات کو یاد رکھیے جہاں آیت پائی جاتی ہے۔

1۔ عبرانیوں 9 :22 (ابتداء) "۔۔۔ اور خون بہائے معافی نہیں۔"

2۔ احبار 17 : 11 (ساری آیت)

3۔ رومیوں 3 :25 " خداوند نے کفارے کی قُربانی کے طور پر اپنے آپ کو پیش کیا، اُس کے خون پر ایمان رکھنے کے وسیلہ۔"

ایک آیت ایک کارڈ کے ساتھ لکھیے جس میں کچھ الفاظ اور فقرات شامل ہوں جو ذہن میں خون بہائے جانے کی قُربانی کو لانے میں مدد کریں۔ سبق اور مستقبل کے حوالہ جات کے لیے ہر آیت کے حصے کو نوٹ کیجیے (جیسے کہ۔ سبق 5۔ حصہ 2)۔

دعا:

اے خداوند خدا تیرا شُکر ہو اُس رحم کے لیے اور اُن گناہوں کی سزا کو ہمیں نہ دینے کے لیے جس کے ہم مستحق ہیں، جیسے کہ ابدی موت۔ اپنے بیٹے یسوع مسیح کو کفارے کی قُربانی دیتے ہوئے ہم سے محبت رکھنے کے لیے تیرا شُکر ہو، اُس ایک کے لیے جس نے گناہ کی سزا کو مٹا ڈالا، اپنے ساتھ ایک بنانے، اور ہمیں ابدی زندگی دینے کے لیے تیرا شُکر ہو۔

سبق نمبر پانچ، حصہ 3

تعارف:

ہم نے خداوند کے اُن کہے گئے الفاظ جو اُس نے نوح سے کہے اُن کا مطالعہ کرنے کے لیے قابلِ قیاس وقت لے چکے ہیں اور اُس قدر کی سمجھ کو جو اُس نے خون پر مقرر کی اُس کا قیاس کر چکے ہیں۔ آپ کافی آیات کو یاد کرنا شروع کر رہے ہیں جو بصیرتوں کو دریافت کرنے میں ہماری بنیاد بنتی ہیں جب ہم سٹڈی جو جاری رکھتے ہیں ۔پیدائش 9 : 5 -6 کچھ اضافی معلومات کو رکھتی ہے جو ہماری اِس قدر کی سمجھ کو بڑھانے میں مدد کرتی ہے کہ کیوں خداوند نے خون پر اتنی قدر کو رکھا ہے۔ اگرچہ یہ شاید ایسے دکھائی دیتی ہے کہ ہم ضروری موضوع کی نسبت اِس پر زیادہ وقت صرف کر رہے ہیں جس پر آپ کو جاری رہنے کے لیے حوصلہ افزائی کی گئی ہے۔ یہ سار چھوٹے چھوٹے حصے خدا کے لیے ہماری داد کو بڑھانے کی بنیادی سچائیاں ہیں اور اُس قدر کو پہچاننے کے لیے جسے وہ ہم پر مقرر کرتا ہے اور اُس تعلق کے لیے جسے وہ ہمارے ساتھ اپنے لوگ ہونے کے طور پر رکھتا ہے۔

خداوند ہر انسانی مخلوقات کی نسل اور جانداروں کی ہر نسل کے متعلق بہت فکر مند تھا۔ اُس نے نا صرف یہ ہدایت کی جو نسل کے ساتھ ملی جو ابھی تک کھانے کے متعلق تھی بلکہ پیدائش 9 :5 میں وہ ایسا کہنا جاری رکھتا ہے کہ وہ____ ہر جاندار اور ہر انسانی مخلوق کے لیے۔

عمیق کھُدائی:

آئیں پہلے ایک اور حوالے پر غور کرتے ہیں جو ہر جاندار کی نسل کے شمار سے مخاطب ہے۔ جیسے پہلے اِس سبق میں بیان کیا گیا ہے کہ خدا نے اپنی شریعت بنی اسرائیل کو دی جب وہ بہت سالوں تک بیابان میں رہے۔ یہ لاویوں کے قوانین بہت تفصیل کے ساتھ دیے گیے۔ وہ اُن سے چاہتا تھا کہ وہ جانیں اور سمجھیں کہ وہ اُنہیں اَن جانے خطرے سے محفوظ رکھیں اور اِس طرح اُنہیں محافظت مہیا کیا۔ خدا کی شریعت ایسا ذریعہ تھا جہاں لوگ فرمانبرداری کے ساتھ اُس کا جواب دے سکتے تھے اور اُسے بیان کر سکتے تھے کہ اُنہوں نے اپنی زندگیوں کے اُس کے اور اُس کے کلام کو مرکز بنانے کا انتخاب کیا ہے۔ اِس جواب کو محبت بھرے اُس تعلق کو ظاہر کرنا تھا جسے اُنہوں نے اُس کے ساتھ بانٹا۔ پیدائش 9 :5 میں خدا نوح سے کہتا ہے کہ " وہ ہر جاندار سے حساب کا تقاضا کرتا " ہے۔ خروج 21 : 28 -32 میں قلمبند کردہ اُس کی یہ کونسی مثال ہے؟

____

____

نوٹ: تفصیل میں جانے کے لیے مت ہچکچائیں اور اِس سب کچھ میں جس کی وضاحت نہیں کی گئی یا جسے اِس ہدایت کے متعلق سمجھا نہیں گیا۔ اِس کی بجائے اُسے سمجھنے کی کوشش کیجیے جو خدا نے پیدائش 9 میں مطلب ہے جب وہ " ہر جاندار کے حساب کا تقاضا " کرنے کی بات کرتا ہے۔

پیدائش 9 : 5 کے نصف حصے میں خدا یہ بھی کہتا ہے کہ ہر شخص سے وہ " تقاضا کرتا ہے

________________________________ کیونکہ____ یہ اُس

کا ہے۔ " بعض اوقات ہمارا اپنے ساتھی کی نسل کے لیے متاسف ہونا وجود نہ رکھنے والا لگتا ہے۔ میڈیا کے ذریعے ہم ہر روز قتل و غارت کرنے کے لیے منظر عام پر آتے ہیں۔ ٹی وی اور فلمیں انسانی زندگی کے لیے ہمارے متعلق اثر انداز ہوتی ہیں۔ پیدائش 9 ہمیں خداوند کے نطقہ نظر سے اِس سب پر غور کرنے کے لیے مجبور کر سکتی ہے۔ ہم 6 آیت میں خدا کے کہنے جو سُنتے ہیں، " جو کوئی

____

____"۔

اِس آیت کے مطابق، زندگی کا تعلق خدا سے ہے اور یہ خدا ہے جو اِسے بخشا اور لے لیتا ہے۔ یاد رکھیے کہ خدا کی برکت بنی نوع انسان کے لیے جسے وہ اِنہیں تخلیق میں اپنے ساتھ مصروف رکھتا ہے۔ وہ اُن سے چاہتا تھا کہ وہ زمین کو معمور و محکوم کریں، نہ کہ وہ انسان کو خون بہائیں، نہ ہی اپنے ساتھی انسان کی نسل کی بے حُرمتی کریں۔ موت گناہ کا عکس پیش کرتی ہے، نہ کہ خدا کی برکت کا۔

عکس:

یہ الفاظ ذہم میں بہت ساری پیچیدہ صورتوں کو ذہن میں لا سکتی ہے اور اُن بے شمار خیالات کو ایسے سوالات اُٹھاتے ہیں جن کے لیے جوابات ضروری ہوتے ہیں۔ اب کے لیے، اپنی نوٹ بک میں اپنے خیالات اور مشاہدات کو تحریر کیجیے۔ آپ اپنے آپ کو نئے پہلوؤں اور تصورات کے ساتھ کشتی کرتے ہوئے پائیں گے جن کا آپ نے پہلے کبھی قیاس نہیں کیا تھا۔ کیا یہ نئے خیالات تنگ کر رہے ہیں۔ کیا یہ چیلنجنگ ہیں؟

سوالات سے مخاطب ہونے کے لیے وقت لیجیے: خدا کیا کہہ رہا ہے؟ کیا اُس کا در حقیقت یہی مطلب ہے جو وہ کہتا ہے؟
کن طریقوں سے ہماری دُنیا اُس کے کلام کے لیے فرمانبردار جواب کو سامنے لاتی ہے؟

کن طریقوں سے ہماری دُنیا اُس کے کلام کے لیے نافرمانبردارنہ جواب کو سامنے لاتی ہے؟

طریقہ کار جس میں ہم زندگی بسر کرتے ہیں ہماری زندگیاں اُس کے کلام کا عکس ہیں وہ ایک جسے ہم نے اپنی زندگیوں کے مرکز ہونے کے لیے انتخاب کیا ہے۔
میری زندگی کیا عکس پیش کرتی ہے؟

میرے دوستوں کی زندگیاں کیا عکس پیش کرتی ہیں؟

ہماری دُنیا کیا عکس پیش کرتی ہے؟

دعا:

اے خداوند میرے بہت سے خیالات اور سوالات ہیں۔ اِس مطالعہ میں مجھے یاد دلایا گیا کہ تُونے نوح کو اُس کی زندگی کے لیے تخلیقی مقصد کے ساتھ برکت بخشی۔ تُونے اُسے اپنے ساتھی انسان کی نسل کے لیے ذمہ داری بھی بنایا۔ محبت کے ساتھ میرے دل کو نیا کر دے اور انسانی زندگی کو مقدس کر دے۔ مجھے دوسروں کی حفاظت کرنے اور پرواہ کرنے کے قابل بنادے جس چیز سے وہ اپنی زندگی میں محروم ہیں۔

سبق نمبر پانچ، حصہ 4

درس و تدریس:

خدا نے انسان کو اپنی صورت پر پیدا کیا (پیدائش 1 : 27) ہم نے پیدائش 5 :3 سے سیکھا کہ انسان کی خدا کی کامل شبیہ کو بیان کرنے کی قابلیت کو گناہ نے برباد کر ڈالا۔ بچے جو آدم سے پیدا ہوئے وہ آدم کی صورت پر پیدا کیے گئے تھے۔ اگرچہ گناہ کے نقصان سے، بنی نوع انسان نے خدا نے صورت کو برداشت کرنا جاری رکھا اور وہ کبھی نہیں چاہتا کہ کسی کی زندگی جو یہ صورت لیتا ہے وہ کسی اور سے لیا جائے۔ اُسے یاد کیجیے جو خدا نے پیدائش 4 :10 میں قائن سے کہا جب قائن نے اپنے بھائی ہابل کو مار ڈالا " سُن، تیرے بھائی کا خون زمین پر سے مجھے پکارتا ہے۔"

پیدائش 9 :6 کہتی ہے، " کیونکہ ________________ کی ________________

________________ بنایا۔" خدا ہم پر اُس ایک کے طور پر بڑی قدر کو رکھتا ہے جو اُس کی صورت اپناتے ہیں۔ جب انسان کا خون بہایا جاتا ہے، وہ ایک جس نے خدا کی صورت اپنائی ہوتی ہے مرتا ہے۔ یہ اِس لیے ہے کیونکہ ہم خدا کی صورت کو اپنانے والے ہیں یہ کہ زندگی اِس عظیم قدر کو رکھتی ہے۔

عکسی اور استدائیہ سوالات:

خدا کا کلام کہتا ہے کہ میں خدا کی صورت پر پیدا کیا گیا۔ میرے ساتھی انسان بھی خدا کی صورت پر بنائے گئے۔ نیچے دئے گئے سوالات آپ کی مدد کے لیے ترتیب دیے گئے ہیں کہ وہ اُس چیز کو ظاہر کریں جو اِس کا مطلب ہے کہ ہم خدا کی صورت پر بنائے گئے ہیں اور اِس قدر کا قیاس کرنا جسے ہم اپنی زندگیوں اور دوسروں کی زندگیوں پر لاگو کرتے ہیں۔

کونسے خیالات ذہن میں آتے ہیں جب آپ قیاس کرتے ہیں کہ ساری انسانیت کو خدا کی صورت پر بنایا گیا اگرچہ یہ گناہ سے مسخ ہو چکی تھی؟

____

____

____

کیا خدا کی صورت کو کھویا جا سکتا ہے؟ اُن کے بارے میں کیا ہے جو خدا کا انتخاب کرنے سے انکار کرتے ہیں اور اپنی زندگیوں کو اُس سے الگ گزارتے ہیں؟

____

____

____

کونسی قدر کو آپ اپنی زندگی پر لاگو کرتے ہیں اُس ایک کے طور پر جو خدا کی صورت کو اپناتا ہے؟ آپ کی زندگی کیسے اِس قدر کو بیان کرتی ہے؟

____

____

____

کونسی قدر کو آپ دوسروں کی زندگیوں پر لاگو کرتے ہیں جو خدا کی صورت کو بھی اپناتے ہیں؟ آپ کی زندگی کیسے اِس قدر کو بیان کرتی ہے؟

اِن سوالات کا جواب مُشکل ہو سکتا ہے لیکن جب تک ہم اِس کی پہچان نہیں کر لیتے کہ سب خدا کی صورت پر پیدا کیے گئے ہیں اُس وقت تک ہم دوسروں کی حفاظت کے لیے، اُن کی زندگیوں کی، اُن کے مال اسباب کی، اُن کی عزت کی، اُس کے کردار کی اور سب سے بڑھ کر اُن کے خالق کے ساتھ اُن کے تعلق کی حفاظت کے لیے۔

دعا:

اے خدا، اکثر اوقات میں نے دوسروں کی بجائے اپنے بارے میں زیادہ سوچا ہے۔ جس طرح میں نے دوسروں کی عزت و احترام کے بارے سوچا تھا میں اُس میں ناکام رہا۔ میری طرح، وہ بھی تیری صورت پر پیدا کیے گئے ہیں اور اُن کی زندگی تیری طرف سے ہی آتی ہے۔ میں اکثر بھول جاتا ہوں کہ میں مسیح میں ہوں اور تیری مخلوقات کے لیے تیرا عکس دکھانے کے لیے بُلایا گیا ہوں، خاص کر اپنے خاندان، دوستوں اور دوسروں کے لیے جو کمیونٹی کو بانٹتے ہیں جس میں وہ رہتے ہیں۔ مجھے معاف فرما جب میں ناکام ہوتا ہوں اور مجھے میں زندگی کی قدر کرنے کی خواہش کے لیے کام کر تاکہ میں ذمہ داری کے ساتھ زندگی بسر کروں۔

سبق نمبر پانچ، حصہ 5

نظرِ ثانی:

جاری رکھنے سے پہلے، آئیں ایک لمحے کے لیے اُن چار حوالہ جات پر نظر ثانی کریں جن کا ہم نے پچھے سبق میں مطالعہ کیا تھا۔ یہ آیات خون کے لیے حوالہ بناتی ہیں جسے بہایا گیا تھا۔ کفارے کی نئی سمجھ، گناہوں کی معافی اور بنی نوع انسان کی ابدی زندگی کے لیے خون کا بہایا جانا، اِن اقتباسات کے لیے اضافی معنی دے گا۔

خون کے بہائے جانے کا معنی	افراد	حوالہ
		پیدائش 3 :15۔ سبق 3
		پیدائش 3 :21 سبق 3
		پیدائش 4 : 8-11 سبق 3
		پیدائش 8 : 20 -21 سبق 4

تدریسی نظرِ ثانی:

ہم سبق 5 کی اکثریت کو صَرف کر چُکے ہیں اُن سچائیوں کی سمجھ اور داد میں بڑھتے ہوئے کہ " زندگی خون میں ہے " اور یہ کہ خدا نے ہمیں اپنی صورت پر پیدا کیا۔ یہ تعلمی نظرِ ثانی ہمیں وسیع تصویر میں خون کی اہمیت کو یہ دکھانے کا ارادہ کرتی ہے۔ پیدائش کے اِن پہلے ابواب کا مطالعہ کرنے کے بعد یہ اہم ہے کہ ہم سبق نمبر کو متعارف کرانے سے پہلے کچھ معلومات کو جوڑ سکتے ہیں اُس عہد کے تصور کو جسے پہلے پیدائش 6 :18 میں ذکر کیا گیا ہے، لہذا، آئیں کچھ وقت چند حوالہ جات اور مشاہدات کو استعمال کرتے ہوئے صَرف کرتے ہیں جو آپ کی تربیت میں آپ کی مدد کریں گے۔

ہم اِس معنی کا اِدراک کرنا شروع نہیں کریں گے جسے خدا نے خون پر قائم کیا ہے جب تک کہ ہم وہ سمجھنا شروع نہیں کر لیتے جو خدا کا مطلب تھا جو اُس نے پیدائش 2 :17 میں کہا، " کیونکہ جب تُم نے اِس میں سے کھایا تو ضرور مرے گا۔ " گناہ کی یہ موت ہمیشہ کے لیے موت کی سزا تھی اور کیونکہ گناہ تمام نسلوں تک پہنچ گیا لہذا یہ موت سب بنی نوع انسانوں کے لیے ہونا تھی۔ وہ ایک مقدس خدا ہے اور اُس کی پاکیزگی تقاضا کرتی تھی کہ گناہ کی قیمت ادا کی جاتی۔ اِسے سرسری طور پر نہیں دیکھا جا سکتا تھا یا بھُلایا نہیں جا سکتا تھا، اِس کی قیمت ادا کی جانی تھی۔ اِس کی قیمت موت تھی!

سچائی یہ ہے کہ انسانی مخلوقات اپنے آپ کو بچا نہیں سکتے۔ حتمی طور پر، ادائیگی کی جانا تھی جسے تقاضا کرنا تھا کہ خدا کے بیٹے یسوع مسیح کی موت کی قُربانی۔ اُسے وعدہ کیا ہوا مسیحا بننا تھا۔ پیدائش 3 : 15 میں خدا نے آدم اور حوا کو نجات دہندہ کا پہلا وعدہ دیا۔ اُس نے سانپ سے کہا، " میں تیرے اور عورت کے درمیان عداوت ڈالونگا۔۔۔ وہ(یسوع) تیرے(شیطان) سر کو کُچلے گا اور(شیطان) اُس (یسوع) کی ایڑی کو کاٹے گا۔ " یہ اقتباس یسوع کے دُکھ اُٹھانے اور موت، صلیب پر خون بہائے جانے کا حوالہ دیتا ہے۔(دیکھیے کُلسیوں 1 : 19، 20)۔

پیدائش 3 : 21 میں آدم اور حوا کے باغِ عدن کو چھوڑنے سے پہلے اُن کے لیے خدا نے چمڑے کے کپڑے بنائے تاکہ جو اُنہوں نے ڈھانپنے کے لیے پہنا تھا اُسے تبدیل کر سکیں۔ جو کچھ اُنہوں نے اپنے آپ کے لیے بنایا تھا اُسے کام نہیں کرنا تھا۔ پہلے ہی سے اُن کی حفاظت اور ڈھانپے جانے کے لیے خون بہائے جانے کی ضرورت تھی۔ کسی چیز کو مرنا تھا کیونکہ گناہ اب خدا کی مخلوق میں داخل ہو چُکا تھا۔ انجیر کے پتے اور جھاڑیاں اُن کی گناہ آلود حالت کو اُن کے پاک خالق خداوند سے چھپا نہیں سکتی تھیں۔

سب لوگوں کو دانستہ طور پر خدا کی صورت پر پیدا کیا گیا تھا۔ اپنی صورت پر پیدا کرنا خدا کی طرف سے ایک بہت ہوشمند اور سوچ بچار کیا ہوا عمل تھا اور اُس نے اِسے بہت سنجیدگی سے لیا۔ اِسی لیے، سب لوگوں کا خون خدا کے لیے بہت مقدس ہے اور معصوم خون کا بہایا جانا بحالی کے لیے گڑ گڑاتا ہے جیسا کہ ہم نے سیکھا جب خدا نے قائن سے اُس ایک کے طور پر بات کی جب نے خدا کی صورت کو اپنایا اور ایسا کرنے سے قائن نے خدا کی صورت کے عکس کو ظاہر نہ کیا جس میں وہ خود خلق کیا گیا تھا۔

ہم نے پیدائش 8 :20 میں سیکھا کہ ہر چیز کشتی میں چھوڑنے کے بعد پہلی چیز جو نوح نے کی وہ خدا کے لیے سوختنی قُربانی چڑھائی۔ اِس کا مطلب تھا کہ کچھ جانوروں کا خون خداوند کے سوختنی قُربانی کے لیے بہایا گیا تھا۔ " خداوند نے مسحور کن خوشبو کو سونگھا۔" کچھ بھی قدرے کم طور پر بہایا جانے والا خون اِس نئی مخلوق کے لیے قابل قبول اور خدا کو خوش کرنے کے لیے نہ ہو گا۔

انسانی چھٹکارے کے لیے خدا کے عمل کی کہانی کے طور پر اِسے پوری بائبل میں عیاں کیا گیا ہے، اور بہت سی حالتیں کھڑی ہوتی ہیں جو خون بہائے جانے کا حوالہ پیش کرتی ہیں۔ یہ چار حالتیں جن پر ہم نے نظر ثانی کی ایک بنیاد بناتی ہیں جس پر مستقبل کے حوالہ جات تعمیر ہونگے۔ آپ کی سمجھ بڑھے گی جب آپ خدا کے کلام کا مطالعہ کریں گے اور ہمارے لیے اُس کے حیران کُن پیار کا ادراک کریں گے۔

دعا:

اِس نظر ثانی کی روشنی میں اپنی ذاتی دعا لکھنے کے لیے ایک لمحہ لیجیے۔ اُس کے سامنے ایک ایسے بچے کی مانند آئیں جس کا باپ اُس سے بہت محبت رکھتا ہو اور اُس کے ساتھ اپنے خیالات اور شکرانے بانٹیں۔

سبق نمبر چھ، حصہ 1

تدرس و تدریس:

سبق نمبر 5 میں، حصہ نمبر 5 میں یہ ذکر کیا گیا تھا جسے ہمیں کسی دوسرے نئے تصور میں متعارف کرایا جانا تھا۔ یہ حوالہ پیدائش 6 : 18 ہے۔ خدا نوح کے ساتھ ساری زندگی کو تباہ کرنے کے ارادوں کو بانٹتا ہے اور اُس کے ساتھ وعدہ کرتا ہے۔ 18 آیت کو لکھیے۔

____

____

____

وعدہ میں خدا کہتا ہے کہ وہ نوح کے ساتھ اپنا عہد باندھے گا۔

تعریف: عہد: عہد ایک ٹھوس معاہدہ ہوتا ہے جسے ایک پارٹی شروع کرتی ہے اور دوسری پارٹی کو پیش کرتی ہے۔ عہد اُس وقت تک قائم رہتا ہے جب تک ایک پارٹی کا رکن عہد نامے کی اصطلاحات کو توڑتا یا چھوڑ نہیں دیتا۔

نوٹ: آپ شاید عہد سے واقف ہوں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ بنک میں قرضہ حاصل کرنے کے لیے جاتے ہیں ایک اُدھار لینے والے کے طور پر تو قرض کے متعلق بہت سارے عہد و پیماں کرنے پڑتے ہیں اور پھر قرض لینے والے کے طور پر آپ کو اقرار نامہ پیش کیا جاتا ہے۔ جب ایک مرتبہ آپ دونوں دستخط کر دیتے ہیں، تو عہد نامہ ایک قانونی دستاویز بن جاتی ہے جسے قانونی عدالت میں رکھا جائے گا۔

اِس معاملے میں، خدا اپنے رحم کے ٹھوس وعدے کی ابتدا کرتا ہے۔ یہ وعدہ ہے جسے وہ کرتا ہے اور جسے وہ توڑ نہیں سکتا۔ کس کے ساتھ خدا اپنے عہد کا باندھتا ہے؟ (پیدائش 9 : 9-10)۔

1. ____________________________________
2. ____________________________________
3. ____________________________________

خدا آغاز کرتا اور نوح، اُس کے بیٹوں اور آنے والی نسلوں کے درمیان باندھتا ہے۔ وہ اُن سب جانداروں کو بھی شامل کرتا ہے جو کشتی سے باہر آئے، اور زمین پر رہنے والی ہر زندہ مخلوقات کے ساتھ۔ یہ بہت ملانے والا ہے، کیا آپ ایسا نہیں کہیں گے؟

پیدائش 9 :11 حقیقی عہد ہے۔ اِس آیت کو لکھیے۔

____

____

____

پیدائش 8 :21 میں جب خدا نے نوح کی قُربانی کی "مسحور کن خوشبو" کو سونگھا، یہ کہتی ہے کہ اُس نے "اپنے دل سے کہا۔۔۔" خدا کے دل سے ہم اُسے ایسا کہتے ہوئے سُنتے ہیں کہ وہ کبھی دوبارہ پانی کے طوفان کے ساتھ مخلوقات کو تباہ نہ کرے گا۔ پیدائش 8 :21 اور پیدائش 9 :11 میں استعمال ہونے والے الفاظ "دوبارہ کبھی نہیں" پر غور کیجیے۔ کتنی مرتبہ اُس نے اُنہیں استعمال کیا؟________ آپ خدا کو تقریباً تحلیل شُدہ آواز میں کہتے ہوئے سُن سکتے ہیں "کبھی، کبھی، کبھی دوبارہ نہیں۔۔۔"

پھر، خدا نے عہد کے نشان کو دینے کا احاطہ کیا۔ وہ نشان کیا تھا؟

____

12 اور 13 آیت کو پڑھیے۔ خدا ہمارے لیے قوسِ قزا کے نشان کو استعمال کرتا ہے جس وہ اپنے وعدے کو یاد رکھے گا۔ وہ قوسِ قزا کو اپنے لیے اپنے رحیم وعدے کے لیے جو اُس نے تمام نسلوں کے لیے ہر زندہ مخلوقات کے لیے اپنی یاد دہانی کے لیے استعمال کیا۔ جب کبھی بادل آتے ہیں اور قوسِ قزا ظاہر ہوتی ہے وہ کہتا ہے کہ "میں ______________________ اپنے عہد کے ساتھ۔" (پیدائش 9 : 14 -15)۔

یہ دلچسپ ہے کہ جب کبھی قوسِ قزا پیش کی جاتی ہے تو ہمیشہ یہ سوال پوچھا جاتا تھا: "کیا تُم نے خوبصورت قوسِ قزا کو دیکھا؟" جب کبھی ہم دوہری قوسِ قزا کو دیکھتے ہیں، تو ہم اُس کی تخلیق کی خوبصورتی پر حیران ہوتے ہیں اور اُس کے رحم بھرے وعدے کے نشان پر کہ "اگرچہ---" (پیدائش 8 :21) وہ دوبارہ کبھی---" (پیدائش 9 :15)

اور، ایک مرتبہ پھر وہ 15 آیت میں الفاظ ______________________ استعمال کرتا ہے پانچ مرتبہ وہ کہتا ہے کہ وہ زندگی کو تباہ کرنے کے لیے کبھی دوبارہ پانی کا استعمال نہ کروں گا۔ کدا بکثرت طور پر مخلوقات کے لیے رحیم ہے۔ اِس کے قطع نظر کہ مخلوقات کی کیا حالت ہوتی ہے ہمیں پانی کے طوفانوں سے ہونے والی تباہی سے کبھی ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اُس کی عظیم محبت (رحم) ہمیشہ ضبط (برداشت) کرتی ہے (زبور 106 :1)

17 آیت میں خداوند کہتا ہے کہ "یہ عہد ہے جسے میں نے باندھا ہے۔" اِس عہد کے بارے کچھ بھی نوح، اُس کے بیٹوں، زندہ مخلوقات یا آنے والی نسلوں پر انحصار نہیں کرتا۔ اِس کا انحصار پوری طرح خدا کے وعدے پر تھا جسے خدا نے کیا تھا۔

آنے والے مطالعات میں ہم مختلف عہدوں کے بارے میں سیکھیں گے جو خدا نے اپنے لوگوں کے ساتھ باندھے۔ کچھ ایسی شرائط پر مبنی ہیں کہ "اگر تُم یہ کرتے ہو" تو پھر "میں ایسا کروں گا"۔ وہ برکت اور لعنت دونوں کو رکھیں گے جس کا انحصار خدا کے لوگوں کی فرمانبرداری پر ہو گا۔ اب کے لیے، یہ سمجھنا اہم ہے کہ یہ عہد جسے خدا نے نوح کے ساتھ باندھا اِس کا مکمل طور پر انحصار خدا پر ہے جو تمام نسلوں کے لیے اِس وعدے کو جاری رکھتا ہے۔

درخواست: خدا کہہ چکا ہے کہ وہ طوفان کے ساتھ زندگی کو دوبارہ کبھی تباہ نہ کرے گا۔

1۔ یہ عہد آپ کی زندگی میں آپ کے لیے کیا فرق پیدا کرتا ہے؟

____

____

2۔ اگر میں ایمان رکھتا ہو جس کا خدا نے وعدہ کیا، تو میں کیوں یہ یقین رکھتا ہوں کہ وہ اپنے وعدے کو جاری رکھے گا؟

____

____

3۔ کیا میں آسانی کے ساتھ یہ یقین رکھتا ہوں کہ وہ دوبارہ پانی کے طوفان کو اجازت نہ دے گا کیونکہ یہ بہت ناممکن دکھائی دیتا ہے؟ کیونکہ میں قوسِ قزا کو دیکھ سکتا ہوں؟ کیونکہ----

4۔ کیا میں خدا کی صورت کو اپنی زندگی میں اُس طرح ظاہر کرتا ہوں جس میں میں دوسروں کے ساتھ وعدے کرتا اور اُنہیں قائم رکھتا ہوں؟ کیا دوسرے جانتے اور مجھ پر انحصار کرتے ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں جو میں کہتا ہوں وہ میں کرونگا، میں کرونگا؟

دعا:

اے خداوند خدا، تُونے تمام خلق کی جانے والی زندگی کے ساتھ اپنے رحیم عہد کو باندھا ہے یہ وعدہ کرتے ہوئے کہ تُو کبھی اپنے قہر کو نہ اُنڈیلے گا اور نہ دوبارہ پانی کے طوفان سے مخلوقات کو تباہ کرے گا۔ تُونے اپنے وعدے کو یاد رکھا۔ تیرا کلام سچا ہے۔ مجھے اِس قابل بنا کہ میں اُن الفاظ کے وسیلہ جو میں کہتا ہوں تُجھے ظاہر کر سکوں۔ تاکہ دوسرے جانیں کہ جو وعدہ میں کرتا ہوں میں پورا کرونگا اور سچائی قائم کر جس کی تعمیر سالوں کی بنیاد پر ہو۔ تیرا شُکریہ کہ تیرے کلام پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے اور یہ ہمیں اس کی ٹھوس بنیاد دیتا ہے جس میں میں اپنی زندگی تعمیر کر سکتا ہوں۔

سبق نمبر چھ، حصہ 2

تعارف:

ہم تقریباً نوح اور طوفان کی کہانی کو چھوڑنے والے ہیں، بہر حال، یہاں ڈھانپنے والی ایک اور کہانی ہے۔ پیدائش 9 : 18 -19 ہمیں نوح کے تین بیٹوں کے متعلق دو مزید مشاہدات دیتی ہے جو کشتی سے باہر آئے تھے:

نظر ثانی میں، اُن کے نام کیا ہیں؟________________________، ________________________

اور ________________________۔

حام کے لیے خاص طور پر کس چیز کا ذکر کیا گیا ہے؟

____۔

19 آیت ہمیں اِن تین بیٹوں کے بارے کیا بتاتی ہے؟

____

____

____

بعد میں آنے والی آیات میں اِن آدمیوں بارے مزید کہا جائے گا۔ اب کے لیے سادہ طرح معلومات کے طور پر اِسے حاصل کیجیے۔

پڑھیے پیدائش 9 : 20 -28۔

20 آیت میں ہم نوح کے بارے کیا سیکھتے ہیں؟

1____

2____

ہم جانتے ہیں کہ یہ کہانی طوفان کا تعاقب کرتی ہوئی فوری طور پر رونما نہیں ہوتی کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ اِسے تاکستان میں پروان چڑنے کے لیے کئی سال لگے۔ " بیج بونے والا آدمی " بنتے ہوئے اُس نے تاکستان میں پودا لگایا۔

تاکستان کے پھل سے اُس نے مَے بنائی اور سرمست بننے کے لیے اِس سے کچھ مَے کو پی لیا۔

21 آیت کہتی ہے کہ وہ " لیٹا ________________________۔ اپنے اندر ________________________۔ " آیا کہ پوری طرح ننگا تھا یا لیٹا ہوا تھا یا ڈھانپا نہیں ہوا تھا ہم نہیں جانتے۔ آئیں اُس کا قیاس کرتے ہیں جو ہم جانتے ہیں:

نوح کو پہلے کس نے پایا؟________________________۔

اُس نے کیا پایا؟________________________۔

اُس نے کیا کیا؟________________________۔

ظاہری طور پر، اُس سے جو مزید رونما ہوتا ہے ہم جانتے ہیں کہ نوح ایک شرمسار حالت میں تھا اور اُس کا بیٹا حام جس نے اُسے کچھ نہ کرتے ہوئے پایا لیکن اُس نے اِس بارے اپنے بھائیوں سے بات کرنے کو چُنا۔

سِم اور یافت نے کیا کِیا؟

یہ آدمی بڑی حد تک گئے یہ نہ دیکھتے ہوئے کہ اُن کا باپ شرم کے ساتھ ظاہر ہوا تھا 23 آیت کہتی ہے کہ

نوح" اپنی ہوش "میں آ کر اُٹھا اور اُسے پایا جو حام، اُس کے چھوٹے بیٹے نے کیا تھا۔ اُس نے کیا کِیا؟

اپنے باپ کی شرمندگی کو ڈھانپنے کی ناکامی نے حام پر بے عزتی لائی۔ وہ اپنے باپ کی وجہ سے لعنتی ٹھہرا۔ 25 آیت میں لکھی جانے والی لعنت کیا تھی؟

سِم اور یافت کو نوح برکت دیتا ہے۔ سِم سے وہ کہتا ہے،" مبارک

یافت سے وہ کہتا ہے،

استدعا:

عزت کی عمیق سمجھ چوب پر ہے جو اُن کے مابین ہے جو خدا کے رحم کے نئے عہد کے نیچے زندگی بسر کر رہے ہیں۔ یہ سمجھنا مشکل ہے کہ یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ تاریخ میں یہ واقع اِتنی جلدی رونما ہوا۔ نوح کے بیٹے کو عزت نہ ملی اور اپنے باپ کو شرمندہ کیا۔ حام نے اپنے باپ کے ساتھ بے عزتی کے ساتھ برتاو کیا۔ گناہ خاندان پر اپنے نشان چھوڑنا جاری رکھتا ہے جیسے دونوں باپ اور بیٹے نے شرمندگی اور بے عزتی کو چھوڑا۔ ہمارے دور اور زمانہ والدین کے لیے عزت کو اکثر برخاست کر دیتا ہے۔ والدین اور بڑوں کے لیے بے عزتی کے ساتھ بات کرنا اور عمل کرنا اکثر نتائج کے بغیر ہی چلا جاتا ہے۔ کچھ لوگوں کے لیے خاندانوں میں تعلقات بہت ٹوٹے ہوتے ہیں اور وہاں عزت و احترام مزید وجود نہیں رکھتا۔

اُس وقت کو یاد کیجیے جس میں آپ نے والدین یا بڑوں کا ادب نہ کرنے کا مشاہدہ کیا ہو شاید آپ ایسی حالت میں مبتلا ہوں۔۔۔

معاملہ کیا تھا؟____۔

نتیجہ کیا تھا؟____

اُن اوقات کو یاد کیجیے جب ہم جان بوجھ کر دوسروں کی حفاظت کرنے کی کوشش کرنے کے قابل ہوتے ہیں بجائے اُس کے جو ہم دوسروں کو بتاتے ہیں؟

دعا:

اے خداوند خدا، میں اقرار کرتا ہوں کہ بہت دفعہ میں نے دوسروں کو ظاہر کیا ہے بجائے اُنہیں ڈھانپنے اور اُس کی حفاظت کرنے کے۔ مجھے ایسا دل بخش جو دوسروں کی عزت اور کردار کی حفاظت کرنے کا انتخاب کرے۔ اپنے بیٹے، یسوع، میرے نجات دہندہ کے خون کے ساتھ میری شرمناک حالت کو ڈھانپنے کے لیے تیرا شکر ہو۔

سبق نمبر چھ، حصہ 3

پیدائش 10 نوح کے بیٹوں کی نسلوں کی تفصیل کو قلمبند کرتا ہے۔ اِن میں سے ہر ایک 1 تواریخ 1 میں بھی لکھا گیا ہے۔ آپ اِسے دلچسپ طور پر تواریخ کے پہلے باب کی پیروی کرتے ہوئے پاسکتے ہیں جیسے ہم پیدائش پر کام کرتے ہیں۔ یہ تفصیل آپ کو ایسی سمجھ دے گی جہاں تہذیب خون کے بعد شروع ہوئی۔ پیدائش 9 :19 کہتی ہے کہ " اُن سے ایسے لوگ آئے جو______________________________"

آئیں پہلے یافت، پیدائش 10: 1 -5 میں نوح ک بیٹوں میں سب سے بڑا، اُس پر غور کرتے ہیں۔

یافت ک کتنے بیٹے تھے ؟______________________(2 آیت)

توجہ دو بیٹوں اور اُن ک بیٹوں پر دی گئی ہے:

3 آیت میں: ______________________________

4 آیت میں: ______________________________

5 آیت میں کونسی دلچسپ حقیقت دی گئی ہے ؟

____

____

یہ نوٹ کر دلچسپ ہو سکتاہ کہ یافت کا خاندان ایشیامائنر ک مغربی علاقوں کی طرف ہجرت کر گیا جس آج ترکی، اور یورپ کے طور پر جانا جاتا ہے۔

-20 آیات حام کے بیٹوں کی بات کرتی ہیں۔

حام کا خاندان اُس علاقہ میں ہجرت کر گیا جسے آج اسرائیل، شمالی افریقہ اور مصر کے طور پر جانا جاتا ہے۔

حام کے کتنے بیٹے تھے ؟______________________(6 آیت)

کوش کے پانچ بیٹے تھے۔ اُس بیٹوں میں سے ایک کا خاص طور پر ذکر کیا گیا ہے (8 آیت)

اُس کا کیا نام تھا؟______________________

8 آیت اضافی معلومات کیا دیتی ہے ؟

____

وہ نا صرف ایک طاقت ور جنگجو تھا بلکہ ایک

____

نمرود کے بارے کیا کہا گیا تھا؟

____

10-12 آیات نمرود کی بادشاہت کے پروان چڑھنے کے بارے بات کرتی ہیں۔

1۔ بابل(10 آیت)

2۔اسوریہ(11 آیت)

3نینواہ(11 آیت)

نوٹ: بابل اور اسور نے اسرائیل کی تاریخ میں بڑے کردار ادا کیے۔ بابل نے یہودیہ پر فتح حاصل کی اور اسوریہ نے اسرائیل کو فتح کیا۔ اسرائیلی اِن ممالک میں بہت سال اسیری میں رہے۔ نینواہ ایسا قصبہ (شہر) تھا جسے نمرود نے تعمیر کرایا تھا یوناہ کی کتاب ہمیں اُس کہانی کے بارے بتاتی ہے جو خدا نے اِس ملک کے لیے ایک نارضامند نبی کو بھیجا۔ اِن مقامات کے بارے مزید معلومات آنے والے مطالعات میں دی جائیں گیں۔

دیگر ناموں کی نشاندہی کرنے کے لیے جو اسرائیل کی تاریخ میں اہم کھلاڑی بنے۔

فلسطین(13 آیت) کو اسرائیل کی تاریخ کے دوران جب داود بادشاہ تھا اُنہیں اسرائیلیوں کے لگاتار دُشمن بننا تھا۔

کعنانی(15 -18 آیات) اُس ملک میں رہائش پذیر ہوئے جو خدا کی طرف سے بنی اسرائیل کو دیا جانا تھا۔ جب اسرائیلی اُس ملک میں آئے جہاں وہ بہت سی مخالف قوموں سے ملے۔ اُن میں سے کچھ نام یہ ہیں، حتیوں، حویوں، اموریوں، یبوسیوں ہیں۔ جیسا کہ آپ نے دیکھا، یہ سب حام کی نسل تھی، نوح کے اُس کے بیٹے کی جس پر نوح نے لعنت کی تھی۔

کعنانی فرقوں میں بٹ گئے۔ یہ اپنی بائبل کی پشت پر دئے گئے نقشوں پر غور کرنے کا بہترین وقت ہے۔ ممکنہ طور پر ایک بہت مددگار نقشہ یہ ہے جو داود بادشاہ اور سلیمان بادشاہ کے راج کے دوران اسرائیل کی بادشاہت کو دکھاتا ہے۔ اِن قصبوں، شہروں اور علاقوں کو دیکھنے کی کوشش کیجیے۔

صیدا۔ جو مدیان کے کنارے کے ساتھ شمال کی جانب تھا۔

غزا۔ جنوب کی جانب، کنارے کے ساتھ

صدوم اور عمورہ۔ بحرالکاہل کے مشرق کی جانب واقع ہے (آپ کو اِسے ابتدائی نقشے میں سے تلاش کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے)۔

فلستیہ۔ فلستنیوں کا ملک۔

یہ مقامات ایسی جگہوں کے تعارف کو پیش کرتے ہیں جہاں اسرائیل کی تاریخ کے عظیم واقعیات رونما ہوئے۔ دوبارہ، نیچے نہ جھکیں یا اِن عجیب ناموں کے لیے دل مت چھوڑیں۔ یہ معلومات ہے جو آپ کو تاریخی مقامات کی پہچان کرنے کے قابل بنائے گی۔

21 -31 آیات سم کے بیٹوں کی بات کرتی ہیں۔ سم کا نسب نامہ بائبل کی تاریخ میں بہت زیادہ معنی خیز ہے۔ یہ ابراہام، اضحاق، یعقوب، یوسف، داود بادشاہ، اور سلیمان بادشاہ جیسے لوگوں کی نسل ہے۔ اب کے لیے ہم یہ نوٹ کریں گے:

سم، نوح کے درمیانی بیٹے کی نسل نے جنوبی ریجن کی طرف ہجرت کی جس کا بائبل میں میسوپوتامیہ کے طور پر حوالہ دیا جاتا ہے اور جسے ہم خلیج فارس کے طور پر جانتے ہیں۔

سم کے کتنے بیٹے تھے؟ ________________ (2 آیت)

1 تواریخ 1 : 24 -27 کی طرف مڑیں۔ اختصار کے ساتھ ہمیں سم اور ابراہام کی نسلوں کے بارے بتایا گیا ہے۔ نسلوں کے اِس ٹیبل کو مکمل کیجیے۔

	سم
ابرام، جو کہ ابراہام ہے	

اِن بہت سے ناموں کی پہچان کیجیے جسے آپ پیدایش 10 میں سے لے سکتے ہیں۔ اُن کے نیچے لائن لگائیں۔

استدعا:

کیا آپ نے کبھی اپنے شجرہ نسب تعاقب کرنے کی کوشش کی؟ کچھ لوگ اِسے بہت سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ کچھ کے لیے یہ اُمید ہے کہ اُن کے نسب نامے میں کوئی اہم چیز پائی جائے گی۔ تھوڑا وقت لیجیے اور اُن کا قیاس کیجیے جو آپ سے پہلے جا چکے ہیں۔ اگر آپ اِس قابل ہیں، تو ان اشخاص کے طور رشتہ داروں سے پوچھیں۔ اپنے خاندان کی وراثت سے ملحقہ کہانیوں کو سیکھیں۔ یہ ایسا وقت ہو سکتا ہے جس میں آپ ایک شخص کے لیے خداوند کا شکر ادا کر سکتے ہیں، جس نے آپ کی زندگی میں معنی خیز کردار ادا کیا ہو۔

دعا:

____

____

____

____

____

یہاں ایک اور نسب نامہ ہے جسے شاید آپ قیاس کرنا چاہتے ہوں۔

وہ کون ہیں جو روحانی والدین ہیں، اگر آپ ہونگے، اپنے لیے؟ وہ کون ہیں جو اپنے ایمان کو آپ کے ساتھ بانٹے ہیں، جو آپ کے لیے دعا کرتے ہیں، اور جو آپ کو یسوع سے متعارف کراتے ہیں؟ یا، آپ بتائے جانے والے پہلے ہیں۔ جس نے آپ کے ساتھ بانٹا؟

____

یہ وقت ہو سکتا ہے جس میں آپ کسی کے لیے خدا کا شکر ادا کر سکتے ہیں جو آپ سے چاہتا تھا کہ آپ خدا کے بارے جانیں جو آپ سے محبت رکھتا اور معاف کرتا ہے، خدا جو آپ کے لیے رحم کے ساتھ عمل کرتا ہے، خدا جس نے آپ کو خلق کیا اور ہمیشہ کے لیے آپ کے ساتھ تعلق رکھنے کا خواہاں ہے۔

دعا:

اور، آپ کسی کی مدد کے ساتھ ایک نئے نسب نامے کا آغاز کر سکتے ہیں اُن کے روحانی سفر میں شامل ہوتے ہوئے۔

وہ ایک کون ہو سکتا ہے جسے آپ خدا اور اُس کے کلام سے متعارف کرا سکتے ہیں؟

یہ وہ وقت بھی ہو سکتا ہے جس میں ہم اس کی محبت کو دوسروں کے ساتھ بانٹنے کے موقع کے لیے خداوند کا شکر ادا کر سکتے ہیں۔ آپ اُس سے اُنہیں دیکھنے کے لیے آنکھیں دینے کی درخواست کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں جو اُسے ابھی تک نہیں جانتے۔

دعا:

سبق نمبر چھ، حصہ 4

درس و تدریس:

ایک اور کہانی اِس سٹڈی میں باقی ہے۔ یہ سنعار یا بابل میں رونما ہوئی جو جدید دور کا عراق ہے، مشرق کی سرزمین میں جہاں حام کی نسل رہائش پذیر تھی (پیدائش 10: 10)۔ اِس کہانی کو پیدائش 11 :1-9 میں پایا گیا ہے۔

1 آیت پڑھی جاتی ہے، " اب ______ ایک ہے

______ اور ایک ______۔"

پس اُنہوں نے اکٹھے ہو کر سر جوڑے اور کہا، " آو،

______ "۔ ______

______

ہمیں بتایا گیا کہ اُنہوں نے اِسے استعمال کیا ______ کی بجائے

______ ، اور ______ کے لیے

______۔" یہ مزید پیشگی حفاظت کی طرف اشارہ کرے گا جسے اِس کے اپنے عمارتی مواد کے ساتھ بنایا گیا۔

پھر اُنہوں نے کہا، " آو، ہم ______ اپنے آپ کو

______ کے ساتھ ______ جو اُس تک پہنچ جائے

______ ، لہذا ہم

______ اور ______ ساری دُنیا

میں منتشر ہوئے ______۔"

سوالات:

کیا آپ یہاں مسئلے کو دیکھتے ہیں؟ کیا یہاں کچھ غلط ہے جو اُنہوں نے سر انجام دینے کے لیے ترتیب دیا تھا؟

______

کیا آپ آج کے دور میں رونما ہونے والے واقعیات میں کسی یکساں چیز کو دیکھتے ہیں؟

______

______

کیا یہاں ٹیکنالوجی کو استعمال کرنے میں کچھ غلط ہے اُنہیں ایک اونچے مینار (برج) کے ساتھ شہر کو تعمیر کرنا تھا؟

بہر حال، کچھ یقیناً غلط ہو گا، کیونکہ 5 آیت بڑے چھوٹے لفظ کے ساتھ شروع ہوتی ہے۔

خداوند نیچے اپنے تعمیری کام پر نظر کرنے کے لیے نیچے اُترا۔ وہ شہر اور بُرج جسے وہ تعمیر کر رہے تھے۔ اُس نے کیا فیصلہ کیا؟(آیت) " اگر جیسے

__________لوگ بات کرتے ہیں__________زبان جو وہ

__________پھر،__________اُنہوں نے ایسا کرنے کا منصوبہ بنایا

__________جو اُن کے لیے تھا۔"

پس اُس نے کہا، آو،__________اور__________

اُن کے__________تاکہ وہ نہ

__________ایک دوسرے کے ساتھ۔"

درس و تدریس:

اُن کی ایک جیسی زبان نے اُنہیں کیا کرنے کی اجازت دی؟ اُن کی سوچوں کے ساتھ کیا ہوا تھا؟ اُن کے وجود کا مرکزِ نگاہ کیا بنا؟

اُنہوں نے ایک دوسرے سے کہا، " آو، بنائیں۔۔۔" آو، ہم تعمیر کریں۔۔۔" مسئلہ یہ تھا کہ اُنہوں نے اپنے آپ کو اپنی زندگیوں کا مرکز بنالیا تھا: " آو اپنے لیے ایک شہر بنائیں۔"

وہ منتشر ہونا نہیں چاہتے تھے۔ وہ اپنی تخلیق کو اپنے وجود کا مرکز بنانا چاہتے تھے۔ ایک شہر اور اونچا مینار بنانے کے ساتھ جو " آسمان تک پہنچتا ہے" اُنہوں نے اپنا نام بنانے کا ارادہ کیا۔ کہ لوگ اور قومیں اُن کے پاس آئیں۔ وہ اپنی ذاتی کائنات کا مرکز بننا چاہتے تھے۔

اُنہوں نے سوچا کہ وہ ایک ایسا برج بنائیں گے جو آسمانوں تک پہنچ جائے گا۔ یہ جانتے ہوئے جو ہم آج آسمان کی بلندیوں کے لیے کرتے ہیں، اُن کی کوشش ہنسنے کے قابل ہوتی ہے۔ کیا آپ جبروں میں چھوٹی سی زبان کو سمجھ سکتے ہیں جیسے خدا کہتا ہے،" آو نیچے چلیں۔۔۔" یہاں کوئی طریقہ نہیں کہ انسان آسمانوں تک پہنچ سکے۔

پس خدا نیچے اُتر (7 آیت) اور اُن کی زبانوں ______________________

وہ مزید ایک دوسرے کو سمجھنے کے قابل نہ رہے۔ لہذا، مثال کے طور پر، اگر ایک معمار ہتھوڑے لانے کے لیے کہتا تھا، اُس نے شاید اُسے سکروڈرائیور دے دیا تھا۔

ہر وہ چیز جو وہ چاہتے تھے،۔۔۔ منتشر نہ ہوئی۔۔۔۔ ایک ایسی چیز تھی جسے خداوند نے کیا۔ 8 آیت کہتی ہے،" پس خداوند نے

______________ اُنہیں وہاں سے ______________ روئِ زمین پر۔

اور، شہر کی تعمیر کا کام رُک گیا۔ یہ محض اِس لیے نہیں رُکا تھا جب ہر ایک کی زبان میں اختلاف پڑ گیا تھا۔ نہیں، تعمیر رُک گئی اور ہر کوئی روی زمین پر منتشر ہو گیا۔ اُس شہر کو ______________ کہا جاتا ہے (8 آیت) کیونکہ وہاں

ایک بار پھر گناہ کے نتائج سامنے ہیں۔ گناہ علیحد گی اور تعلقات کی تباہی کا سبب بنتا ہے۔ آئیں نظر ثانی کرتے ہیں:

1۔ ہم نے دیکھا کہ پیدائش 3 میں کیسے گناہ خدا اور انسان اور شوہر اور بیوی کے درمیان علیحد گی کا سبب بنا۔

2۔ پیدائش 3 باب میں ہی ہم نے سیکھا کہ گناہ زمین پر لعنت لایا، وہ زمین جسے بنی نوع انسان کے لیے خوراک کے لیے مہیا کیا گیا تھا۔

3۔ گناہ خاندانوں کے درمیان عداوت اور نرت کا سبب بنا جیسے قائن اور ہابل کی زندگیوں سے ظاہر ہے۔

4/ اور اب ہم دیکھتے ہیں کہ گناہ ایک ایسی چیز کے اختتام کو لایا جسے دُنیا اب بھی رکھتی ہے، ______________ زبان اور ایک

______________ زبان (پیدائش 11 :1)

زمین کے معمور کیے جانے کے معاملے میں، خدا چاہتا تھا کہ لوگ روی زمین پر بکھر جائیں۔

حوالے	خدا نے کیا چاہا۔۔۔
پیدائش 1 :22	Genesis 1:22
پیدائش 1 :27	Genesis 1:27
پیدائش 9 :1	Genesis 9:1
پیدائش 9 :19	Genesis 9:19
پیدائش 10 : 32	Genesis 10:32
پیدائش 11 : 8، 9	Genesis 11:8,9

حوالے	انسان نے کیا چاہا۔۔۔
پیدائش 11؛4	

استدعا:

کیا آپ کبھی حیران ہوئے ہیں کہ اِن متفرق زبانوں کی ابتدا کیسے ہوئی؟ جیسے ہم آگے نئے عہد نامے میں یوحنا کی کتاب پر غور کرتے ہیں ہم یوحنا1 میں سے سیکھتے ہیں کہ یسوع کلام ہے، جو خدا کی بات (رابطے) کا حصہ ہے۔ وہ فضل اور سچائی کی بات کرتا ہے (یوحنا1 : 14) گناہ کے سبب ساری تباہی اور بگاڑ کے باوجود، یسوع خدا کے کلام کے طور پر گناہ کی رکاوٹوں کو توڑنے کے لیے آتا ہے اور خدا اور انسان کے درمیان اور ہر زبان، مرد اور عورت، کالے اور گورے، امیر اور غریب، جوان اور بوڑھے کے درمیان سلامتی پیدا کرنے کے لیے آتا ہے۔.

اُس وقت کو یاد کیجیے جب آپ نے کسی کے ساتھ بات کرنے میں مشکل کا سامنا کیا ہو؟

1۔ مسئلے کا سبب کیا تھا؟

2۔ کیسے اِس مشکل کو حل کیا گیا؟

3۔ ہماری رابطہ رکھنے کی کوشش اکثر ناکام ہو جاتی ہیں۔ اپنی آزمائشوں کے لیے معافی اور اپنی ناکامی کو قبول کرنا ہی اُس شکستہ حالی کا باندھنے کی واحد اُمید ہے جو رونما ہوئی۔ دوبارہ ایسی حالت کے لیے آپ کا تجربہ کیسا رہا؟

دعا:

کسی دوسرے کے ساتھ شاید اُس کے ساتھ بات چیت کرنے میں ناکامی کا اعتراف کرنے کے لیے باپ کے سامنے پیش ہونے کے لیے وقت نکالیے۔ محبت کی زبان کے لیے اُس کا شکر کریں جسے وہ یسوع، کلام جو مجسم ہوا کے وسیلہ پیش کرتا ہے (یوحنا1)

سبق نمبر چھ، حصہ 5

پیدائش 11 : 10 -32 میں دیا گیا نسب نامہ "بقیہ کہانی" کو ترتیب دیتا ہے۔ ہمیں اُن نسلوں پر غور کر چکے ہیں جو آدم سے نوح کے ساتھ جُڑتی تھیں۔ ہم جانتے ہیں کہ سم نوح کا دوسرا بیٹا تھا۔ بڑی تصویر کے لیے اُس خونی رشتے کو جاننا بہت اہم ہے جو سم کو ابراہام کے ساتھ جوڑتا ہے۔ ابراہام ایک بزرگ ہے جسے خدا نے چُنا اور قوموں کا باپ ہونے کے لیے بُلایا۔ آئیں پیدائش 11 : 10 -2 میں سبق نمبر کے آخری حصے کو پڑھنا شروع کرتے ہوئے نسب نامے کی تفصیل کو پڑھتے ہیں۔ اُن ناموں پر غور کریں جن کی آپ نے حصہ نمبر 3 میں پہچان کی تھی۔

مشق:

نام	عمر	عمر	نام
سم	500		
ارفکسد			
			ابراہام، ناحور، حارام

غور کرنے کے لیے دو چیزیں۔۔۔۔

5 باب میں آدم سے نوح تک کی نسل میں زندگی کی لمبائی کا موازنہ کیجیے۔

سم سے فلج تک کے سب نام پیدائش 10 : 21 -25 میں ذکر کیے گئے ہیں۔ 25 آیت میں کیا بیان کیا گیا ہے جو فلج سے ابرام کے ناموں میں اختلاف کا سبب بنا؟

درس و تدریس:

نحور، ابراہام کے با، ناحور اور حارام کے خاندان کے بارے مزید تفصیل دی گئی ہے۔

حاران باپ تھا____________________(27 آیت)

لوط ابراہام کا____________________________

سرزمین کہاں نحور اور اُس نے بیٹے رہتے تھے اُسے حوالہ دیا جاتا ہے________________

____

نحور کا بیٹا، لوط کا باپ____________________مرا (28 آیت)۔

ابراہم نے شادی کی____________________اور ناحور نے شادی کی

____

ملکہ کا نحور کے ساتھ کیا رشتہ تھا؟

مِلکہ کی بہن بھی تھی____________________(29 آیت)

30 آیت میں ہم ابرام کی بیوی ساری کے بارے کیا سیکھتے ہیں؟

____

خاندان آگے بڑھ رہا ہے۔ یہ خانہ بدوز لوگ تھے۔ وہ خیموں میں رہتے اور بہت محفوظ لوگ تھے۔ خاندان کے سربراہ، یا قبیلے کے سردار کے طور پر، تارح نے فیصلہ کیا کہ یہ آگے بڑھنے کا وقت ہے۔

وہ اُس سرزمین سے ______________________(31 آیت)

وہ اُس طرف بڑھے ______________________

یہ ایک جانا پہچانا لفظ ہے جسے اِس سبق کے شروع میں سیکھا گیا تھا۔ 3 حصے کا حوالہ دیجیے اور حام کی نسل کا بھی، جسے کنعان بھی کہا گیا۔

تارح نے کسے اپنے ساتھ لیا؟

____

____

اُنہوں نے کنعان کو نہ پایا۔ وہ کہاں رُکے اور قیام کیا؟

____

32 آیت میں ہم سیکھتے ہیں کہ یہ جگہ ہے جہاں تارح مرا۔ وہ __________ سال زندہ رہا۔

درخواست:

کیا آپ نے ملک کے ایک حصے سے دوسرے حصے میں جانے کا تجربہ کیا ہے؟ شاید یہ زیادہ دور نہ ہو لیکن آپ اپنے گھر سے کسی دوسری نئی جگہ پر گئے ہوں۔ اُس تجربہ کو یاد کیجیے۔ شاید آپ کے پاس اِس معاملے کے بارے کہنے کے لیے کچھ نہ ہو اور آپ کو سارہ طرح اپنی چیزیں پیک کرنے کے لیے کہا گیا ہو۔

تبدیلی پریشان کر سکتی ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ ہم حتمی نتیجہ نہیں چاہتے اختتام کی طرف قدم انتشار ہل چل کا سبب بن سکتے ہیں۔ کھو جانے کو محسوس کرنے کا دُکھ ہمیں ہماری تبدیلیوں کا سبب بناتا ہے جو کہ ایک نئے اور دور دراز سرزمین بنانے کے لیے ہو سکتا ہے۔ ہم نہیں انتے کہ ابرام اور ساری کا تجربہ کیا تھا جب وہ تارح کے ساتھ قیاس کیے جانے کی رو سے کنعان کی سرزمین کی طرف گئے۔ لیکن، اُنہوں نے تیاری اور یہ نہ جانا کہ اُس کے سامنے کیا تھا۔

اُس دوسری جگہ جانے کو ظاہر کریں۔ اُس دوسری جگہ جانے کے بارے سب سے زیادہ پریشان کن حقیقتیں کیا تھیں؟ دباو اور پریشانی کا کیا سبب تھا؟

کس نے دوسری جگہ جانے کا فیصلہ کیا؟

وہ کہاں تھے جو اُن کے ساتھ چلے؟

کیا آپ نے اِسے اپنی اصل منزل بنالیا تھا یا منصوبے تبدل ہو گئے تھے؟

جیسے کہ ہمارا مطالعہ جاری رہتا ہے ہم ابراہام کے لیے خدا کے منصوبے بارے سیکھیں گے۔ یہ بغیر کسی شک کے کسی ایسی چیز کے بارے نہیں تھا جس اُس نے پہلے سے بیان کیا ہو بلکہ وہ ایمان میں یہ یقین رکھتے ہوئے چلتا گیا کہ خدا اُس کے ساتھ تھا۔ ابرام اپنی بیوی، باپ اور بھتیجے کے ساتھ خانہ بدوش کے طور پر اُس نامعلوم جگہ کی طرف چلتا گیا۔ ہم اِس کے اختتام پر پہنچ چکے ہیں اور اِن چند روزہ کو چھوڑنے کے قابل ہیں جیسے وہ اپنے سفر میں شریک ہوئے۔
بنی نوع انسان کے لیے خدا کے منصوبے کی کہانی محض ابتداء تھی۔ اگلے اکٹھے مطالعہ میں ہم پیدائش 12 میں ابرام اور ساری کی کہانی کو لیں گے اور خدا کے عظیم وعدے کو سیکھیں گے جب وہ اپنے منصوبے کو اُن کے لیے اور اُن کی نسل کے لیے آشکارہ کرتا ہے۔

دعا:

اے خداوند خدا، بعض اوقات تُو ہمیں چھوڑنے کے لیے بُلاتا ہے اگرچہ ہم نہیں جانتے کہ کیا کرنا ہے۔ ابرام خاندان، نسب، میراث کے ساتھ بابرکت تھا جو تیری باحفاظت آنکھ کے نیچے تھا۔

نظرِ ثانی

یہ کوئی امتحان نہیں ہے، بہر حال، بعض اوقات، جو سیکھا ہوتا ہے اُس تک پہنچنا حوصلہ افزا ہوتا ہے۔ ہم بہت بااعتماد بنتے ہیں اور ہمیں زور دیا جاتا ہے کہ ہم آگے بڑھیں۔ آپ بائبل کی سٹڈی بعنوان خدا کا منصوبہ، ہمارا انتخاب کو مکمل کر چکے ہیں۔ آئیں چند چیزوں کا قیاس کرتے ہیں جن پر آپ گزشتہ ہفتوں میں کام کرتے رہے ہیں۔

تخلیق کی تفصیل کے بارے پیدائش کے ساتھ واقفیت رکھنے والے بننا۔

اُسے سیکھنا جو بائبل خدا خالق کے طور پر کہتی ہے۔

بہت سی اصطلاحات کو واضح کرنا اور سمجھنا:

پاک کرنا

سبت کا دن

واجب ٹھہرانا

فضل

چھٹکارہ

ایمان

رحم

اُس قدر کی پہچان کرنا جسے خدا بنی نوع انسان پر مقرر کرتا ہے اُن کے لیے جنہیں اُس نے خدا کی صورت پر پیدا کیا۔

مخلوقات کے اُس کی صورت کے عکس کو پیش کرنے کے لیے ذمہ داری کو سمجھنا

بڑھنے، زمین کو معمور کرنے، حکمرانی کرنے اور اِسے مطیع کرنے کی ذمہ داری کو سمجھنا

شادی کے لیے خدا کے نظریہ کو سیکھنا

خدا کے کلام کے ساتھ اُن کی زندگی کے مرکز کے طور پر رہنے کے لیے خدا کی خواہش کی پہچان کرنا۔

گناہ کی وسیع سمجھ، نتائج کو قائم کرنا۔

قائن اور ہابل کی کہانی کے ساتھ واقفیت

نوح اور تمام مخلوقات کے ساتھ خدا کے وعدے بارے سیکھنا

اُس قدر کو داد دینا جسے خدا نے قُربانی اور عہدوں پر مقرر کیا۔

نوح کی نسل کے ساتھ واقفیت رکھنا

لوگوں کی زبانوں میں فرق ڈالنے کے خدا کے فیصلے کی کہانی کو سیکھنا

مبارک ہو! آپ اِس سٹڈی کو مکمل کر چکے ہیں اور اِس میں بہت کچھ سیکھ چکے ہیں۔ لیکن، یہاں سیکھنے کے لیے مزید بہت کچھ ہے۔ آپ پیدائش 10، ؔابراہام کے نسب نامے کے ساتھ سبق نمبر 6 حصہ نمبر 6 کو ختم کر چکے ہیں۔ ابرام اور اُس کی بیوی ساری نے ابرام کے باپ، تارح کے ساتھ کنعان کی سرزمین کی طرف سفر کیا ، جس نے حاران میں رہنے کا فیصلہ کیا۔ اگلی سٹڈی شروع کی جائے گی جب خدا ابرام کو حاران چھوڑنے کے لیے کہتا ہے، اور " اُس ملک میں جو میں دکھاوں گا" میں جانے کے لیے کہتا ہے (پیدائش 12 : 1) چلتے ہوئے دریا کی مانند پانیوں کو چھوڑتے ہوئے، خراج دینے والی کی طرف سے آواز کو بڑھاتے ہوئے، آپ اپنے علم اور ایمان میں اضافہ کریں گے جب خدا آپ پر زندگی کے دریا کو انڈیلتا ہے۔